# ماڈل پیپر "اردو"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ معروضی

رولنمبر :ہندسوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

الفاظ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وقت: 20منٹ

کل نمبر:20

نوٹ: اپنا رولنمبر صرف مختص جگہ پر تحریر کریں۔

تمام سوالات کے جوابات اسی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔
کاٹ کر یا کسی بھی طریقے سے مٹا کر یا لیڈ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات غلط تصور ہوں گے۔

سوال نمبر1۔ مختصر جواب تحریر کیجئے 5=1x5

(i) اسلام تمام انسانوں کو کس کی اتباع کی دعوت دیتا ہے؟

..........................................................

(ii) دنیا کی معزز قوموں نے کس خوبی کی وجہ سے عزت پائی؟

..........................................................

(iii) ابوالقاسم زہراوی کی مشہور تصنیف کا کیا نام ہے؟

..........................................................

(iv) ٹیکے کے باپ کی بینائی کیوں جاتی رہی؟

..........................................................

(v) علامہ اقبال کی نظم "اسرارِ خودی" کا عربی ترجمہ کون کرانا چاہتا تھا؟

..........................................................

سوال نمبر2۔(الف) تشبیہ کی تعریف کیجئے اور دو مثالوں سے وضاحت کیجئے۔ 5=2+3

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

(ب) مقطع کی تعریف کیجئے اور دو مثالوں سے وضاحت کیجئے۔ 5= 2+3

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

(ج) تذکیر و تانیث کو مد نظر رکھتے ہوئے درج ذیل جملوں کو درست کیجئے۔ 5=1x5

(i) وزیر تعلیم نے پرسوں حلف اٹھائی۔ ........................................

(ii) میری قلم خوبصورت ہے۔ ........................................

(iii) لڑکوں نے کمرہ امتحان میں اودھم مچا رکھا ہے۔ ........................................

(iv) سڑکوں پر تار کول بچھائی جا رہی ہے۔ ........................................

(v) یہ میرے بھائی کی فوٹو ہے۔ ........................................

نوٹ:۔ قواعد میں استعارہ، تلمیح، مطلع، قافیہ، ردیف سے متعلق بھی سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

# ماڈل پیپر "اردو"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ انشائی

وقت: 2:40 گھنٹے — کل نمبر: 80

## حصہ اول

سوال نمبر 3۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10=1+1+8

(الف) جینے کا اندوہ، نہ مرنے کا ذرا غم
یکساں ہے انھیں زندگی اور موت کا عالم
واقف نہ برس سے، نہ مہینے سے وہ اک دم
نہ شب کی مصیبت، نہ کبھی روز کا ماتم
دن رات، گھڑی پہر، مہ و سال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد جو ہر حال میں خوش ہیں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10=1+9

آفاق کی منزل سے گیا، کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں، یاں ہر سفری کا
ہر زخم جگر، داور محشر سے ہمارا
انصاف طلب ہے، تری بیدادگری کا
لے سانس بھی آہستہ، کہ نازک ہے، بہت کام
آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

## حصہ دوم

سوال نمبر 4۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ 15=10+3+1+1

(الف) عزم و استقلال، شجاعت، صبر، توکل، رضا، تقدیر، مصیبتوں کی برداشت، قربانی، قناعت، استغنا، ایثار، جود، تواضع، خاکساری، مسکنت، نشیب و فراز، بلند و پست، تمام اخلاقی پہلوؤں کے لئے جو مختلف انسانوں کو مختلف حالتوں میں یا ہر انسان کو مختلف صورتوں میں پیش آتے ہیں۔ ہمیں عملی ہدایت اور مثال کی ضرورت ہے جو صرف پیغمبر اسلام ﷺ کی سوانح میں مل سکتی ہیں۔

(ب) محنت اور جفاکشی کی قابلیت بھی سرسید کے خاص اوصاف میں سے تھی، قطع نظر اس کے کہ ابتدا سے ان کو کام کرنے کی عادت رہی۔ ان کے قویٰ میں فطرتاً مشکلات کے برداشت کرنے اور کسی کام سے ہمت نہ ہارنے کی لیاقت اور استعداد رکھی گئی تھی اور ظاہراً ان کی غیر معمولی ذہانت بھی ان کے دائمی غور و فکر اور دماغی محنت کا نتیجہ تھی۔

سوال نمبر 5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10=1+9

(i) ادیب کی عزت (ii) سفارش

سوال نمبر 6۔ علامہ اقبال کی نظم "پیغام" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

سوال نمبر 7۔ امتحانی نظام کے موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

یا

کالج کے جلسہ تقسیم انعامات کی روداد لکھئے۔

(روزنامچہ سے متعلق بھی سوال پوچھا جاسکتا ہے)

سوال نمبر 8۔ کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے پرنسپل صاحب کے نام درخواست لکھئے۔ 10

(رسید سے متعلق بھی سوال پوچھا جاسکتا ہے)

سوال نمبر 9۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان تحریر کیجئے۔ 10=2+8

"ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں دو قسم کی قومیں ہیں۔ ان میں سے ایک نے اپنے باپ دادا کو درجہ کمال تک پہنچا ہوا اور ناقابل سہو و خطا سمجھ کر ان کے علوم و فنون کو ان کے طریقہ معاشرت کو کامل سمجھا اور اسی کی پیروی پر جمی رہی۔ خود بہتری، ترقی اور نئی چیزوں کے اخذ و ایجاد پر کچھ کوشش نہیں کی۔ دوسری قوم نے کسی کو کامل نہیں سمجھا اور ہمیشہ ترقی، نئے علوم و فنون اور طریقہ معاشرت کے ایجاد میں کوشش کرتی رہی۔ اب دیکھ لو ان دونوں قوموں میں کیا فرق ہے اور کون ترقی اور کون تنزل کی حالت میں ہے۔